# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

## SUBJECT: ISLAMIAT

## GRADE-8

**FINAL TERM**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

www.Fbiseresult.com.pk

**Student Name :** __________ **Roll Number :** __________ **Section :** __________

www.Fbiseresult.com.pk

## حصہ اول: معروضی سوالات

www.Fbiseresult.com.pk

سوال نمبر 1: **"اَلْمَتِیْنُ"** کا معنی ہے:

(a) کارساز حقیقی (b) معاف کرنے والا (c) بہت مضبوط (d) وجود بخشنے والا

سوال نمبر 2: زکواۃ کی ادائیگی بنیادی طور پر معاشرے سے ختم کرتی ہے۔

(a) دشمنی کو (b) لڑائی کو (c) غربت کو (d) نفرت کو

سوال نمبر 3: "اے اللہ تعالیٰ بے شک میں تجھ سے دُنیا اور آخرت میں معافی اور سلامتی مانگتا ہوں" اس سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(a) عافیت کا (b) صبر کا (c) محبت کا (d) شکر کا

سوال نمبر 4: دنیا میں سب کچھ اللہ تعالیٰ کی چاہت اور حکم کے مطابق انجام پاتا ہے، یہ عقیدہ کہلاتا ہے:

(a) عقیدہ توحید (b) عقیدہ رسالت (c) عقیدہ تقدیر (d) عقیدہ آخرت

سوال نمبر 5: حدیث مبارک کے مطابق "جسر جہنم" سے مراد ہے:

(a) جہنم کا دروازہ (b) جہنم کا پل (c) جہنم کا گڑھا (d) جہنم کا لباس

سوال نمبر 6: سُوءُ الحِسَاب کا معنی ہے:

(a) زیادہ حساب (b) تھوڑا حساب (c) سخت حساب (d) بُرا حساب

سوال نمبر 7: اسلامی اصطلاح میں زرعی پیداوار کی زکوۃ کو کہتے ہیں:

(a) زکوۃ (b) جزیہ (c) فدیہ (d) عشر

سوال نمبر 8: احرام باندھ کر جو کلمات پڑھے جاتے ہیں، انہیں کہتے ہیں:

(a) تسبیح فاطمہ (b) تلبیہ (c) تکبیرات (d) استغفار

سوال نمبر 9: ہر جائز کام جو اللہ تعالیٰ کے حکم اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے عمل کے مطابق ہو، وہ کہلاتا ہے:

(a) مستحب (b) عبادت (c) صدقہ (d) سنت

سوال نمبر 10: تمام بنی نوع انسان کے لیے مبعوث کیا گیا ہے:

(a) حضرت ابراہیم علیہ السلام کو (b) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو (c) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو (d) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو

سوال نمبر 11: فاتح خیبر ہیں:

(a) حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (b) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (c) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ (d) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال نمبر 12: معرکہ موتہ میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکمت عملی سے ان کی صلاحیت کا اظہار ہوا:

(a) علمی مرتبہ (b) مالی استطاعت (c) اعلیٰ اخلاق (d) جنگی تجربہ

سوال نمبر 13: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا لعابِ دہن حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شفا کا باعث بنا:

(a) آنکھوں کی (b) ہاتھوں کی (c) پاؤں کی (d) کان کی

سوال نمبر 14: اسلام میں عورتوں کے حجاب کے حکم کا مقصد ہے:

(a) عورتوں کی عزت کرنا (b) آزادی کو محدود کرنا (c) ثقافتی روایات اپنانا (d) مردوں اور عورتوں کو الگ کرنا

سوال نمبر 15: آیت مبارکہ "اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا" میں شخصیت مراد ہے:

(a) حضرت آدم علیہ السلام (b) حضرت نوح علیہ السلام (c) حضرت ابراہیم علیہ السلام (d) حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر 16: دور حاضر میں ہم مسلمانوں کو ترقی پر گامزن کر سکتے ہیں:

(a) فرقہ واریت ختم کر کے (b) دولت کے ذریعے (c) عبادت کے ذریعے (d) تجارت کے ذریعے

سوال نمبر 17: **"لَاتَجَسَّسُوا"** کا ترجمہ ہے:

(a) غم نہ کرو (b) فکر نہ کرو (c) چوری نہ کرو (d) جاسوسی نہ کرو

سوال نمبر 18: حدیث مبارک کے مطابق پہلی قوموں کی ہلاکت کا سبب تھا:

(a) لالچ (b) حسد (c) غیبت (d) بخل

سوال نمبر 19: نابینا کو راستہ دکھانا ہے:

(a) رحمت (b) بہادری (c) صدقہ (d) کفارہ

سوال نمبر 20: حدیث مبارک کے مطابق ہمیں فروخت کے وقت مال کا عیب ظاہر کر دینا چاہیے تا کہ ہم بچ سکیں:

(a) دھوکہ بازی سے (b) صبر سے (c) زائد منافع سے (d) دیانت داری سے

سوال نمبر 21: قرآن مجید کی رو سے ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کا مؤمنین کے لیے درجہ ہے:

(a) رہنما کا (b) فقیہہ کا (c) ولیہ کا (d) ماں کا

سوال نمبر 22: آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے نکاح کے وقت حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر تھی:

(a) اٹھارہ سال (b) بیس سال (c) پچیس سال (d) پینتیس سال

www.Fbiseresult.com.pk

سوال نمبر23: جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں:

(a) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(b) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(c) حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(d) حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت اُسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال نمبر24: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا دست شفقت پھیرنا سبب بنا:

(a) ایمان لانے کا (b) استقامت پیدا کرنے کا
(c) جہاد کرنے کا (d) علم حاصل کرنے کا

سوال نمبر25: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اشاعت دین سے اسلام قبول کرنے والا قبیلہ تھا:

(a) بنو اسلم (b) بنو غفار (c) بنو تمیم (d) بنو امیہ

سوال نمبر26: حضرت معین الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال ہوا:

(a) 633 ہجری میں (b) 733 ہجری میں (c) 833 ہجری میں (d) 933 ہجری میں

سوال نمبر27: حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے خطوط عکاسی کرتے ہیں:

(a) سائنسی تحقیق کی (b) سیاسی نظریات کی (c) ان کی فکر کی (d) جدید ادب کی

سوال نمبر28: ہمیں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب "الفوز الکبیر" سے معلومات ملتی ہیں:

(a) اصول تفسیر کی (b) اصول حدیث کی (c) اصول فقہ کی (d) اصول قیاس کی

سوال نمبر29: سلطان محمد فاتح رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زندگی میں ہمارے لیے نمایاں سبق ہے:

(a) نرمی کا (b) جہاد کا (c) سخاوت کا (d) عدل کا

سوال نمبر30: سلطان صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے طرز عمل کے مطابق مسلمان حکمران کو غیر مسلموں سے سلوک رکھنا چاہیے:

(a) اسلامی تعلیمات کے مطابق (b) غیر مسلموں کو فوج میں شامل کرنا
(c) غیر مسلموں کو مسلمانوں پر فوقیت دینا (d) غیر مسلموں کو ہر قانون سے آزاد کرنا

سوال نمبر31: اسلام کی تعلیمات کے مطابق "امر بالمعروف و نہی عن المنکر" ذمہ داری ہے:

(a) علماء دین کی (b) تمام مسلمانوں کی (c) صوفیہ کرام کی (d) حکمرانوں کی

سوال نمبر32: کسی بات پر یقین کرنے سے پہلے ضروری ہے:

(a) اس کی تردید (b) اس کی تکذیب (c) اس کی تحقیق (d) اس کی توثیق

www.Fbiseresult.com.pk

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) خشیت الٰہی سے کیا مراد ہے؟(2)

ii) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خشیت الٰہی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟(4)

iii) نمازوں میں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خشیت کا عالم بیان کریں۔(4)

سوال نمبر34

i) رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اہل مکہ کو دعوت اسلام دینے کے بعد درپیش مشکلات میں کیسے کام کیا؟(2)

ii) دعوت و تبلیغ کے سلسلے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے طرز عمل سے کوئی سے چار نکات بیان کریں۔(4)

iii) اسلام کی دعوت دینے کے لیے رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جن بادشاہوں کو خط لکھے، ان میں سے کوئی سے چار کے نام لکھیں۔(4)

سوال نمبر35

i) مساوات کا لفظی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔(2)

ii) عدل اور مساوات کے درمیان فرق تحریر کریں۔(4)

iii) عدل اور مساوات کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں کیا مثبت تبدیلیاں لائی جاسکتی ہیں؟(4)

سوال نمبر36

i) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟(2)

ii) تصوّف کا مفہوم اپنے الفاظ میں واضح کریں۔(4)

iii) حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی چھ خدمات تحریر کریں۔(6)

سوال نمبر37

i) ابلاغ کا معنیٰ و مفہوم بیان کریں؟(2)

ii) موبائل فون کے استعمال کے چار آداب لکھیں؟(4)

iii) ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہم معاشرے سے برائی کو روک سکتے ہیں۔ وضاحت کریں۔(4)

www.Fbiseresult.com.pk